© rasailojaraid.com

کر چکی ہے جوایک سویلین صدر اور دو بڑے مسلّح گروپوں میں سے لیے گئے ایک ایک نائب صدر پر مشتمل ہوگی۔ یہ مقتدر کونسل ملک میں آزادانہ انتخابات منعقد ہونے تک عبوری مدّت کے دوران میں ملک کا نظم و نسق چلائے گی۔ (رپورٹ: اے پی ایس بلیٹن)

## کینیا

### ایونجلیکل چرچ گروپ کی طرف سے ریڈیو اسٹیشن قائم کرنے کا منصوبہ

ایونجلیکل فیلوشپ آف کینیا (ای ایف کے) کے جنرل سیکرٹری ریورنڈ آئزک سمبیری نے کینیا میں ایک آزاد ریڈیو اسٹیشن قائم کرنے کے منصوبے کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے بتایاہے کہ منصوبہ بندی ابتدائی مراحل سے آگے جا چکی ہے، تاہم انہوں نے تسلیم کیا کہ حکومت نے ابھی منصوبے کی منظوری نہیں دی۔

اکثر افریقی ممالک میں ریڈیائی لہروں پر حکومتوں کی اجارہ داری ہے اور وہ آزاد ریڈیو اسٹیشنوں کے قیام کی اجازت نہیں دیتیں۔ سب سے نمایاں آزاد ریڈیو اسٹیشن Radio Voice of the Gospel (مقدّس تعلیمات کی ریڈیائی آواز) تھا جو اپنے پروگرام ایتھوپیا کے دارالحکومت ادیس ابابا سے نشر کیا کرتا تھا۔ 1974ء کے سوشلسٹ انقلاب کے بعد اسٹیشن قومی ملکیت میں لے لیا گیا۔ لائبیریا میں اسی نوعیت کا ایک اور ریڈیو اسٹیشن اس وقت سرکاری تحویل میں لے لیا گیا جب 1980ء میں خونی انقلاب کے نتیجے میں آنجہانی سموئیل ڈو برسرِ اقتدار آیا تھا۔

افریقی حکومتیں آزاد ریڈیو اور ٹیلی وژن اسٹیشنوں کی عموماً مخالف ہیں، اور اس کی وجوہ قابلِ فہم ہیں۔ بغاوت کی منصوبہ بندی کرنے والوں کی اکثریت نے قومی ریڈیو اسٹیشنوں پر قبضہ کر کے اپنی کامیابی کا اعلان کیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ افریقہ میں ریڈیو اسٹیشن ان اداروں میں شامل ہیں جن کی سب سے زیادہ حفاظت کی جاتی ہے۔

ایسا محسوس ہوتا ہے کہ اس ذہنیت کا ایک سبب افریقی حکومتوں کی روزمرّہ کی ضروریات بھی ہیں۔ بلند شرح ناخواندگی کے باعث عوام تک رسائی کا سب سے مؤثر ذریعہ ریڈیو ہی ہے۔ یہی سبب ہے کہ حکومتیں اس ذریعے پر اپنی اجارہ داری برقرار رکھنا چاہتی ہیں۔

تاہم ایسے شواہد سامنے آرہے ہیں کہ شاید کینیا کی حکومت اس میدان میں نئے دور کا آغاز



© rasailojaraid.com

